فضائل درود شریف

- درود و سلام پڑھنے سے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ (کنز العمال)
- درود و سلام پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے۔ (کنز العمال)
- درود و سلام پڑھنے والے کی محتاجی دور ہو جاتی ہے۔ (سعادۃ الدارین)
- درود و سلام پڑھنے سے بدبختی دور ہو جاتی ہے۔ (سعادۃ الدارین)
- درود و سلام پڑھنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب ہو جاتا ہے۔ (صلوٰۃ الثناء)
- درود و سلام پڑھنے سے دل زندہ ہو جاتا ہے اور ہدایت کا باعث بن جاتا ہے۔ (صلوٰۃ المنذر)
- درود و سلام تنگدست کیلئے صدقے کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ (جواہر البحار)

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ

عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

١

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

درود ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ
وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

حدیثِ مبارکہ : جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنّت کی راہ بھول گیا۔

۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

حدیث شریف :

اللہ کریم درود شریف پڑھنے والے کیلئے دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اسکے
دس درجے بلند کر دیتا ہے اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔

۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

درود اسمِ اعظم : یہ درود شریف کم از کم سو۱۰۰ مرتبہ روزانہ اپنا معمول بنا لیجئے پھر اسکی برکات دیکھئے کہ دین و دنیا کے ہر کام میں کامیابی آپکے قدم چومے گی۔ ناکامی کی بادِ خزاں کبھی دور سے بھی نہیں گزرے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ

صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

چھ لاکھ درود شریف کا ثواب : شیخ الدلائل سید علی بن یوسف علیہ الرحمہ نے حضرت جلال الدین سیوطی سے روایت کی اس درود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ درود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
وَمَوْلٰينَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِى الْقَدْرِ
الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

دیدارِ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: بزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ (جمعرات اور جمعہ کی درمیانی رات) اس درود شریف کو پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا موت کے وقت سرکارِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرے گا اور قبر میں داخل ہوتے وقت بھی دیکھے گا کہ سرکار اسے قبر میں اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے اتار رہے ہیں۔

٦

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ
الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

شفاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: حضرت رویفع بن ثابت انصاری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اس درود شریف کو پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

٧

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ایک پسندیدہ درود شریف : حضرت شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے والد بزرگوار نے انہیں یہ درود شریف پڑھنے کو فرمایا تھا۔ شاہ صاحب کو ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی انہوں نے یہ درود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھا جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ حدیث مبارکہ

اسّی برس کے گناہ معاف : حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر اسّی مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اس کے اسّی برس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ


اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

درود برائے مغفرت : تاجدارِ عرب وعجم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درودِ پاک پڑھے اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

دُرود شریف برائے کشادگیِ رزق : حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے کہ جس شخص کو منظور ہو کہ میرا مال بڑھ جائے تو وہ یوں کہا کرے۔


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ
حِیْلَتِیْ اَدْرِكْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
درود حل المشکلات : حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص میرے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم
لکھتا ہے جب تک اس کتاب میں میرا نام موجود رہے گا فرشتے اسکے گناہوں کی معافی اور رحمت کی دعا کرتے رہیں گے۔
۱۳


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ
كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ
ہزار دن تک نیکیاں : مزرع الحسنات میں ہے کہ جو شخص یہ درود پاک
ایک مرتبہ پڑھتا ہے تو ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اسکے نامہ اعمال میں نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔
۱۴

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی الْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی

وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَاَوْلِیَآئِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اَللّٰھُمَّ شُدَّ بِھَا وَثَاقَنَا بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَھَا

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو دو انسان جب مل کر مجھ پر درود پڑھتے ہیں ان کے جدا ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ ان کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔

۱۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَہُ

الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

درود شریف شافعی : امام اسماعیل بن ابراہیم مدنی نے امام شافعی رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک نے آپ سے کیا معاملہ کیا۔ انہوں نے فرمایا اس درود شریف کی برکت سے مجھے تعظیم و احترام کے ساتھ بہشت میں لے جایا گیا۔

۱۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلَّمْ

درود خضری : یہ ایسا درود پاک ہے کہ نہ فقط روضۂ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حاضری نصیب ہوتی ہے۔ بلکہ مراد دین پائی جاتی ہیں۔ اور محبت میں یقیناً اضافہ ہوتا رہتا ہے فی الحقیقت درود خضری ایک بڑی نعمت ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ صَلَاۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّھُوَ لَھَا اَھْلٌ

گیارہ ہزار درود کے برابر درود شریف

حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نُوۡرِ الۡاَنۡوَارِ وَسِرِّ الۡاَسۡرَارِ وَسَیِّدِ الۡاَبۡرَارِ

درُود نُور


حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے حدیث شریف نقل ہے کہ تمہارا مجھ پر درود پڑھنا تمہاری دُعاؤں کی حفاظت کرنیوالا ہے اور تمہارے ربّ کی رضا کا سبب ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا مُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ صَلِّ عَلٰی

سَبَبِ کُلِّ خَیۡرٍ وَّدَفۡعِ کُلِّ بَلَآءٍ وَّشَرٍّ وَّقَضَآءِ کُلِّ حَاجَۃٍ وَّاَدَآءِ کُلِّ دَیۡنٍ وَّشِفَآءِ کُلِّ مَرَضٍ وَّحُصُوۡلِ کُلِّ مُرَادٍ وَّوَسِیۡلَۃِ کُلِّ نِعۡمَۃٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَاَوۡلِیَآئِہٖ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے اللہ اس کے دل کو نفاق سے ایسے پاک کر دیتا ہے جیسا کہ پانی کپڑے کو پاک وصاف کر دیتا ہے۔


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفْسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ
رُوحانی تربیت کا مجرّب نسخہ : دُعا میں جب تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف
نہ بھیجو گے تب تک دُعا زمین اور آسمان کے درمیان لٹکی رہے گی۔
۲۱


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا
وَبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا
دُرُودِ قرآنی : تین مرتبہ صبح و شام یہ درود شریف پڑھنے سے
زبردست دینی و دنیاوی کامیابی ملتی ہے۔
۲۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

مُنھ کی بَدبُو زائِل کرنیکا نُسخہ:

یہ درود پاک ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ پڑھنے سے بودار چیزیں کھانے سے
مُنھ میں پیدا ہونے والی بدبو دور ہوجاتی ہے۔

۲۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ
وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

حدیث شریف: حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں قیامت کے دن
مجھ سے سب میں زیادہ قریب وہ ہوگا جس نے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجا ہے۔

۲۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا ذا الفضل العظیم

صل علی فضلک العظیم

ورحمتک العظیم ونعمتک العظیم وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

اللھم تفضل علینا بفضلک العظیم فی الدنیا والآخرۃ

۵۰۰ مرتبہ روزانہ مال و دولت کی زیادتی کے لئے بے نظیر ہے۔ دنیا ذلیل ہو کر حاضر خدمت ہو۔ اور بھی فوائد بے شمار رکھتا ہے۔ ترقی درجات۔ خیر کثیر۔ فضل عظیم حاصل ہو۔

۲۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم صل وسلم وبارک علی

سیدنا محمد وعلی آلہ

عدد کمال اللہ وکما یلیق بکمالہ

صلوٰۃ کمالیہ: سیدی احمد الصاوی نے کہا کہ یہ اہل طریقت کے الفاظ ہیں جسے ہر نماز کے بعد دس بار پڑھا جاتا ہے۔ اس کے ثواب کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

۲۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَا حَمِیْدُ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یَا مَجِیْدُ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اپنے اہل محبت کا درود خود سنتا ہوں اور انہیں پہچانتا ہوں اور جو اس مرتبہ کے نہیں ان کا درود مجھے فرشتے پہنچا دیتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

دُرُود ھزارہ: حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے درود شریف کو کثرت سے پڑھنے والا ایک آدمی دیکھا وہ یمن کا لوہار تھا جب میں نے اُن سے ملاقات کی اور دُعا کیلئے درخواست کی تو مجھ کو عجیب وغریب فائدہ حاصل ہوا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ

دُرُودِ جمالی

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مہم یا پریشانی یا مصیبت میں ہو وہ درود پاک کو ہزار مرتبہ محبت و شوق سے پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اللہ تعالیٰ اسکی مصیبت ٹال دے گا اور اس کو اپنی مراد میں کامیاب کر دیگا۔

۳۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

کَمَا لَانِھَایَۃَ لِکَمَالِکَ وَعَدَدَ کَمَالِہٖ

دفع نسیان کا نسخہ

دفع نسیان کیلئے یہ درود شریف مغرب اور عشاء کے درمیان کسی عدد معین کے بغیر پڑھیں

۳۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الرَّؤُفِ الرَّحِیْمِ ذِی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَعَلٰی
اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ فِیْ كُلِّ لَحْظَةٍ عَدَدَ كُلِّ حَادِثٍ وَّقَدِیْمٍ
صَلٰوةُ الرَّؤُفِ الرَّحِیْمِ

یہ درود شریف بزرگ ترین الفاظ سے ہے اسے بکثرت پڑھنا چاہیے

(۳۲)

جن اوقات میں درود و سلام پڑھنے کی تاکید و فضیلت ان میں سے بعض یہ ہیں

پانچوں وقت کی نمازوں کے بعد ۔ اذان کے بعد ۔ اقامت نماز کے وقت ۔ مسجد میں داخل ہونے کے وقت ۔ مسجد سے باہر آنے کے وقت ۔ وضو کرتے وقت ۔ وضو کے بعد ۔ دعا کے اول، درمیان اور بعد ۔ آثار متبرکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے وقت ۔ جمعہ کی رات اور دن ۔ صبح اور شام کے وقت ۔ پیر کی رات ۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام مبارک کہنے اور لکھنے کے وقت ۔ گھر میں داخل ہونے کے وقت ۔ کسی چیز کے بھول جانے کے وقت ۔ مصیبت اور سختی کے وقت ۔

جن اوقات میں درود و سلام نہ پڑھا جائے وہ یہ ہیں

قعدۂ اولیٰ میں التحیات کے بعد ۔ ذبح کے وقت ۔ چھینک آتے وقت ۔ تاجر سودا بیچتے وقت ۔ تعجب کے وقت ۔ جماع کے وقت ۔ انسانی حاجت کے وقت اور نجس مقام پر ۔

FIKR-E-AKHIRAT

حدیث نمبر۲:

اَلْعَیْنُ حَقٌّ

نظر بد کا لگنا یقینی ہے۔ (مشکوۃ)

تشریح:

جس طرح کوئی آدمی کسی پر کوئی گندگی پھینکے تو گندگی سے اس کے کپڑوں کا خراب یقینی ہے یا کسی کو کوئی زہر کھلائے تو اس زہر کا اثر یقینی بالکل اسی طرح نظر بد کا اثر بھی اس دنیا میں یقیناً ہوتا ہے، نظر بد دور کرنے کا وظیفہ:

ابن عساکر میں ہے کہ جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس تشریف لائے آپ ﷺ اس وقت غمزدہ تھے۔ سبب پوچھا تو فرمایا حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کو نظر لگ گئی ہے۔ فرمایا یہ سچائی کے قابل چیز ہے نظر واقعی لگتی ہے۔ آپ نے یہ کلمات پڑھ کر اُنہیں پناہ میں کیوں نہ دیا؟ حضور ﷺ نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ فرمایا: یوں کہو:

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ العَظِیْمِ وَالْمَنِّ القَدِیْمِ ذَ الْوَ جْهِ الْکَرِیْم وَلِیَّ الکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَ الدَّعوَاتِ المُستَجَا بَاتِ عَافِ الحَسَنَ وَالحُسَینَ مِن أَنْفُس الْجِنِّ وَأَعیُنِ الإِ نْسِ

حضور ﷺ نے یہ دُعا پڑھی، وہیں دونوں بچے اُٹھ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے کھیلنے کودنے لگے، حضور ﷺ نے فرمایا: لوگو! اپنی جانوں کو، اپنی بیویوں کو اور اپنی اولاد کو اسی پناہ کے ساتھ پناہ دیا کرو، اس جیسی اور کوئی پناہ کی دُعا نہیں۔ (تفسیر ابن کثیر جلد ۵: ۴۱۶)

نوٹ: ''حسن اور حسین کی جگہ اپنے مریض کا نام لیں۔''